## سابق سٹی ناظم کراچی مصطفےٰ کمال کی سابق نائب امریکی وزیرخارجہ برائے جنوبی ایشیا جون نیگرو پونٹے سے ملاقات

## دہشت گردی کے خلاف جاری جنگ،جغرافیائی سیاسی صورتحال اور پاکستان کے مجموعی حالات پر تفصیلی گفتگو

## مصطفےٰ کمال کی امریکی تھنک ٹینک وڈرو ولسن سینٹر کے ڈائریکٹر روبرٹ ہیتھ اوے( Robert Hathaway )سے ملاقات

واشنگٹن۔۔۔۔4 مئی2010ء

سابق سٹی ناظم کراچی اورایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن مصطفےٰ کمال کی جنوبی ایشیا کے بارے میں سابق نائب امریکی وزیرخارجہ جون نیگرو پونٹے سے واشنگٹن میں ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں دہشت گردی کے خلاف جاری جنگ،جغرافیائی سیاسی صورتحال اور پاکستان کے مجموعی حالات پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔مصطفےٰ کمال نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کے کردار پر روشنی ڈالی۔جان نیگرو پونٹے نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کے کرداراور پاکستانی افواج اور شہریوں کی قربانیوں کوسراہا۔

مصطفےٰ کمال نے واشنگٹن میں امریکی تھنک ٹینک وڈرو ولسن سینٹر( Woodrow Wilson center ) کے ایشیا پروگرام کے ڈائریکٹر روبرٹ ہیتھ اوے ( Robert Hathaway )سے بھی ملاقات کی اوران سے جنوبی ایشاء بالخصوص پاکستان اورافغانستان کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔

☆☆☆☆☆